**14.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..................... ارجمند علی خان

**Music**

-------------------------------

☆ سپریم کورٹ نے، دلّی NCR سے آوارہ کتوں کو ہٹانے کو چیلنج کرنے والی درخواستوں پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہے۔

☆ حکومت نے ملک کی گراں قدر خدمات کیلئے ایک ہزار سے زیادہ اہلکاروں کو بہادری اور سروِس میڈل دینے کا اعلان کیا ہے۔

☆ اُناسی ویں یوم آزادی سے قبل آج شام صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ملک سے خطاب کریں گی۔

☆ آج ملک کی تقسیم کی ہولناکی کو یاد کرنے کا دن منایا جارہا ہے اور 1947 میں تقسیم کے دوران اپنی جانیں قربان کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔

☆ یوروپی رہنماؤں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر زور دیا ہے کہ وہ اَلاسکا میں میٹنگ کے دوران روس کے ساتھ یکطرفہ یوکرین امن معاہدہ نہ کریں۔

☆ اور، ملک کے شمالی اور مشرقی حصوں میں مانسون کی شدید بارش سے تباہی کا سلسلہ جاری ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**SC-STRAY DOGS**

سپریم کورٹ نے آج قومی راجدھانی خطہ دلّی میں آوارہ کتوں کو ہٹا کر اُنہیں شیلٹر ہومس میں منتقل کرنے کی ہدایات پر عمل درآمد کو روکنے کی درخواست پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہے۔ یہ ہدایات 11 اگست کو دو ججوں کی بینچ نے جاری کی تھیں۔ تین ججوں جسٹس وکرم ناتھ، جسٹس سندیپ مہتا اور جسٹس این وی اَنجارِیا پر مشتمل ایک بینچ نے اِس معاملے کی سنوائی کی۔ اِس سے پہلے دو ججوں جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس آر مہادیون پر مشتمل ایک بینچ نے، سبھی آوارہ کتوں کو ہٹا کر انہیں شیلٹر ہومس

میں منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ اِس بینچ نے یہ فیصلہ اِس سلسلے میں از خود کارروائی کرتے ہوئے دیا تھا۔ یہ فیصلہ، بھارت کے چیف جسٹس کے سامنے کچھ وکیلوں کی طرف سے یہ کہے جانے کے بعد دیا گیا ہے کہ جاری کی گئی یہ ہدایات دیگر بینچوں کی طرف سے پہلے دیئے گئے احکامات کے خلاف ہیں۔x

**BSF-GALLANTRY MEDALS**

سرحدی حفاظتی فورس BSF نے بتایا ہے کہ یومِ آزادی کے موقع پر 16 دِلیر سیما پرہریوں کو اُن کی شجاعت اور بے مثال بہادری پر ، بہادری کے تمغے دیئے جائیں گے۔ اِن لوگوں نے آپریشن سندور کے دوران عزم اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا تھا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں BSF نے کہا کہ یہ تمغے ملک کے تئیں اِن کی عقیدت اور بھارت کے دفاع میں اعتماد کا ثبوت ہیں۔ x

**PREZ-ADDRESS**

79ویں یوم آزادی سے قبل آج شام صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ملک سے خطاب کریں گی۔ اُن کے خطاب کو شام سات بجے آکاشوانی کے پورے قومی نیٹ ورک اور دور درشن کے سبھی چینلوں پر ہندی میں براہِ راست نشر کیا جائے گا، جس کے بعد یہ انگریزی میں نشر ہوگا۔ دور درشن پر ہندی اور انگریزی میں خطاب کے نشریہ کے بعد، اسے دور درشن کے علاقائی چینلوں پر علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی اپنے متعلقہ علاقائی نیٹ ورک پر رات ساڑھے نو بجے اِسے علاقائی زبان میں نشر کرے گا۔x

**DAY PREZ AMRIT UDYAN**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں اَمرت اُدیان میں موسمِ گرما کے سالانہ میلے کا افتتاح کیا۔ یہ اُدیان اِس ہفتے سے لوگوں کیلئے صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک 14 ستمبر تک کھلا رہے گا۔ x

**PM-INDEPENDENCE DAY**

ملک کُل اپنا 79 واں یومِ آزادی منائے گا اور وزیرِ اعظم نریندر مودی دِلّی کے تاریخی لال قلعہ پر تقریبات کی قیادت کریں گے۔ وزیرِ اعظم قومی پرچم پہرائیں گے اور لال قلعہ کی فصیل سے ملک سے خطاب کریں گے۔ ملک ، حکومت کے 2047 تک وِکست بھارت کے نظریے کی جانب گامزن ہے، لہٰذا اِس سال کی تقریبات کا موضوع ''نیا بھارت''ہے۔ یہ تقریبات ایک خوشحال، محفوظ اور بیباک ابھرتے ہوئے نئے بھارت کی عکاسی کریں گی اور ترقی کی راہ پر مزید آگے بڑھنے

کیلئے ایک نئی توانائی فراہم کریں گی۔ اِس سال یومِ آزادی کی تقریبات میں آپریشن سندور کی کامیابی کا جشن منایا جائے گا۔ دعوت ناموں پر آپریشن سندور کے **Logo** کے ساتھ ساتھ چناب پُل کا **Water Mark** ہے۔

اِس سال لال قلعہ پر تقریبات کیلئے زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ تقریباً پانچ ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ اِن میں اسپیشل اولمپک **2025** کا بھارتی دستہ ، بین الاقوامی کھیل مقابلوں کے فاتحین اور کھیلو انڈیا پیرا گیمس کے گولڈ میڈلسٹ شامل ہیں۔ شہریوں کے درمیان حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینے اور آپریشن سندور کی کامیابی کا جشن منانے کیلئے یومِ آزادی کی تقریبات کی شام میں پہلی مرتبہ ملک بھر میں کئی بینڈ پرفارمنس ہوں گی۔ ملک بھر کے **140** سے زیادہ سرکردہ مقامات پر فوج، بحریہ، فضائیہ، بھارتی ساحلی گارڈ، **NCC**، **CRPF**، **ITBP**، **CISF**، **SSB**، **BSF**، **IDS**، **RPF** اور آسام رائفل کے بینڈ دھنیں پیش کریں گے۔ **x**

## EC-SIR

آج انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں خصوصی تفصیلی نظرثانی عمل کے سلسلے میں دعوں اور اعتراضات کی **14** دن کی مدت کے بعد اب تک کسی بھی سیاسی جماعت کی جانب سے کوئی ایک دعویٰ یا اعتراض داخل نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم کمیشن نے کہا ہے کہ ووٹر فہرست کے مسودے کے حوالے سے ووٹروں کی جانب سے براہ راست **23** ہزار **557** دعوے اور اعتراضات موصول ہوئے ہیں۔x

## PARTITION-REMEMBERENCE DAY

آج تقسیمِ ہند کی ہولناکی کو یاد کرنے کا دن ہے۔ یہ دن **1947** میں بھارت کی تقسیم کے عمل کے دوران متاثرین اور لوگوں کی پریشانیوں کو یاد کرنے کا دن ہے۔ اِس دن ملک کی طرف سے اُن سبھی لوگوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جاتا ہے، جنھوں نے تقسیم ہند کے دوران اپنی جانیں قربان کردیں اور ایسا درد سہا ، جس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ یہ دن ہمارے ملک کی تاریخ کے اِس المناک باب میں بے شمار لوگوں کو درپیش افرا تفری اور دکھ درد کو یاد دلاتا ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ یہ دن ہم آہنگی کے رشتوں کو مضبوط بنانے کی ہماری لگاتار ذمہ داری کو بھی یاد دلاتا ہے، جس کی وجہ سے ہمارا ملک یکجہت ہے۔ **x**

## TRUMP-PUTIN

یوروپی رہنماؤں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ الاسکا میں کل روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ اپنی شخصی میٹنگ میں، یوکرین کے امن کیلئے یکطرفہ طور پر کوئی سمجھوتہ نہ کریں۔ یہ وارننگ ایک ورچوئل سربراہ

کانفرنس کے دوران دی گئی ہے، جس کا اہتمام جرمن چانسلر **Friedrich Merz** نے کیا تھا۔ اِس کانفرنس میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ ، یوکرین کے صدر **Volodymyr** زیلینسکی اور بہت سے یوروپی رہنما شامل تھے، جس میں اِن شخصیتوں نے یہ اندیشہ ظاہر کیا کہ پوتن جنگ سے متعلق اپنی شرطیں منوانے کی کوشش کریں گے۔

ورچوئل وسیلے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ٹرمپ نے اِسے بہت اچھی کانفرنس قرار دیا۔ انہوں نے رہنماؤں کو یقین دلایا کہ اِس کانفرنس میں کی گئی بات چیت کے بعد وہ اِس کے نتائج کے بارے میں فوری طور پر بتائیں گے۔ میٹنگ کے بعد صدر زیلینسکی نے کہا کہ رہنماؤں نے اَلاسکا میں آئندہ مذاکرات کی رہنمائی کیلئے پانچ بنیادی اصولوں سے اتفاق کیا ہے، جن میں جنگ بندی پر توجہ اور صحیح معنوں میں قابلِ اعتبار سیکیورٹی کی ضمانت شامل ہے۔ **x**

## LAVROV-JAISHANKAR MEETING

روس کے وزیر خارجہ **Sergei Lavrov** ، **21** اگست کو ماسکو میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ روس کی وزارتِ خارجہ نے اس کی تصدیق کی ہے۔ دونوں رہنما دوطرفہ ایجنڈے سے متعلق اہم امور اور بین الاقوامی فریم ورک کے اندر باہمی تعاون کے اہم پہلوؤں کے بارے میں تبادلۂ خیال کریں گے۔ یہ میٹنگ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کے ماسکو کے حالیہ دورے کے بعد ہو رہی ہے۔ اس دورے کے دوران جناب ڈوبھال نے روس کے صدر ولادیمیر پتن اور دیگر رہنماؤں سے ملاقات کی تھی۔x

## HP-WEATHER

ہماچل پردیش میں مانسون کی بارش سے تباہی کا سلسلہ جاری ہے۔ شدید بارش، چٹانوں کے ٹکڑے گرنے اور بادل پھٹنے کے واقعات سے کئی سڑکوں پر رکاوٹیں ہیں اور بجلی کی سپلائی منقطع ہے۔ ہنگامی صورتحال میں کارروائی کرنے والے ریاستی مرکز کے مطابق ایک قومی شاہراہ اور **395** رابطہ سڑکیں بند ہیں۔ اس کے علاوہ ایک ہزار **593** ٹرانسفارمر اور **178** پینے کے پانی کی اسکیمیں ٹھپ ہیں۔ رپورٹوں سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس مانسون سیزن میں بارش سے متعلق واقعات میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر **241** ہوگئی ہے، جبکہ **36** افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ اس دوران شملہ کے موسمیات کے مرکز نے **20** اگست تک ریاست میں شدید بارش کیلئے **Yellow** الرٹ جاری کیا ہے اور آج چمبا، کانگڑا اور منڈی اضلاع میں بہت شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

گزشتہ **24** گھنٹے کے دوران شملہ، کلّو، کِنّور اور لاہول اور اِسپتی اضلاع میں بادل پھٹنے اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے واقعات ہوئے ہیں۔ کلّو ضلع کی **Banjar** وادی میں بادل پھٹنے کے سبب کئی مکانات، پُل اور پانچ گاڑیاں بہہ گئے۔ شملہ ضلع کے رامپور سب ڈویژن میں بادل پھٹنے کے واقعے میں چار پُل، کئی مکان اور سیب کے باغات بہہ گئے۔ حکام نے لوگوں سے

دریاؤں اور جھرنوں سے دور رہنے اور غیر ضروری طور پر سفر سے گریز کرنے کی اپیل کی ہے۔×

**PUNJAB WATER LEVEL**

ہماچل کی پہاڑیوں میں لگاتار بارش اور ریاست کے کچھ علاقوں میں بادل پھٹنے کے حادثات کی وجہ سے پنجاب کے کئی علاقے پریشانیوں سے دو - چار ہیں۔ یہاں بیاس دریا میں پانی کی سطح میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔

پیش ہے رپورٹ۔ VC - Rajesh Bali

*کپورتھلا میں سلطان پور لودھی کے Mand علاقے میں 22 گاؤں پانی میں ڈوب گئے ہیں کیونکہ طغیانی پر آئے ہوئے بیاس دریا کا پانی عارضی باندھ کو توڑ کر باہر آگیا ہے۔ضلع انتظامیہ نے Mand کے نشیبی علاقوں میں رہنے والے گاؤں کے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سلطان پور لودھی میں قائم کیے گئے راحت مرکز میں منتقل ہوجائیں۔ یہاں خوراک ، پانی ، دواؤں اور دیگر ضروری اشیاء کا انتظام کردیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر امت کمار نے کہا کہ میڈیکل ٹیموں کو کسی بھی ہنگامی حالت سے نمٹنے کیلیے تعینات کیا گیا ہے۔ضلع انتظامیہ لگاتار موقع پر قریبی نظر رکھ رہی ہے نیز یہاں متاثرہ علاقوں پر ڈرون کے ذریعے بھی نگرانی کی جارہی ہے۔کنٹرول روم نمبر اِس طرح ہے : صفر ایک - آٹھ دو دو - دو تین ایک - نو نو صفر۔*

*راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ...*

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے جموں و کشمیر، ہماچل پردیش، مشرقی مدھیہ پردیش، وِدربھ خطّے اور ساحلی آندھراپردیش میں آج بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ اتراکھنڈ میں اگلے پانچ روز کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اترپردیش میں کہیں کہیں ہفتے کے روز تک اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مدھیہ پردیش، وِدربھ اور چھتیس گڑھ کے علاقوں میں اس مہینے کی 19 تاریخ تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس دوران دِلّی اور اُس سے متصل علاقوں میں آج صبح شدید بارش ہوئی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ آج دن بھر قومی راجدھانی میں ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔×

**VECE PAES-OLYMPIC MEDALIST**

1972 میں میونخ اولمپک ہاکی میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے اور ٹینس کی مقبول شخصیت Leander Paes کے والد

ڈاکٹر Vece Paes کا، کل کولکاتہ میں انتقال ہوگیا۔ وہ 80 برس کے تھے۔ وہ رعشے کی بیماری میں مبتلا تھے اور انہیں منگل کی صبح اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔ اُن کی آخری رسوم پیر یا منگل کو ادا کی جائیں گی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆